NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON "THE CRIMINAL LAW (AMENDMENT) BILL, 2020"

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honor to present this report on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2019] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 10th December, 2019.

2. The Committee comprises the following:

1) **Raja Khurram Shahzad Nawaz**	**Chairman**
2) Mr. Sher Akbar Khan	Member
3) Mehar Ghulam Muhammad Lali	Member
4) Mr. Raza Nasrullah	Member
5) Khawaja Sheraz Mehmood	Member
6) Mr. Rahat Aman Ullah Bhatti	Member
7) Malik Karamat Ali Khokhar	Member
8) Sardar Talib Hassan Nakai	Member
9) Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak	Member
10) Mr. Muhammad Akhtar Mengal	Member
11) Nawabzada Shazain Bugti	Member
12) Malik Sohail Khan	Member
13) Rana Shamim Ahmed Khan	Member
14) Mr. Mohammad Pervaiz Malik	Member
15) Mr. Nadeem Abbas	Member
16) Ms. Maryam Aurangzaib	Member
17) Syed Agha Rafiullah	Member
18) Nawab Muhammad Yousuf Talpur	Member
19) Mr. Abdul Qadir Patel	Member
20) Mr. Asmatullah	Member
21) Mr. Ijaz Ahmad Shah Minister for Interior	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **Annex-A,** in its meetings held on 24-12-19, 27-01-2020, 3-2-2020, 14-2-2020, 17-2-2020, 4-3-2020 and 24-7-2020. The Committee made the following amendments therein.-

(1) **Clause 2**

Clause 2, shall be substituted with the following, namely.-

"**2. Insertion of new section 377C, Act XLV of 1860.**- In the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), after section 377B, the following new section shall be inserted, namely:-

"**377C. Unnatural offence with minor or with mental or physical disability.**- Whoever voluntarily has carnal intercourse against the order of nature with any minor either male or female or a person with mental disability shall be punished with death or imprisonment of either description for a term which shall not be less than ten years or more than twenty five years and shall also be liable to fine of five hundred thousand rupees.".

(2) **Clause 3**

Clause 3, shall be substituted with the following, namely.-

"**3. Amendment of Schedule II, Act V of 1898.**- In the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), in Schedule II, after section 377B and the corresponding entries relating thereto in columns 1 to 8, the following new section and entries relating thereto shall be inserted, namely:-

1	2	3	4	5	6	7	8
"377C	Unnatural offence with minor either male or female or with mental or physical disability	May arrest without warrant	Warrant	Not bailable	Not compoundable	Death or imprisonment of either description for a term which shall not be less than ten years or more than twenty five years and shall also be liable to fine of five hundred thousand rupees.	Court of Session.

4. The Committee recommends that the Bill as reported by the Standing Committee placed at **Annex-B,** may be passed by the Assembly.

-Sd-

(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, the 3rd Nov, 2020

-Sd-

(RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ)
Chairman
Standing Committee on Interior

[AS INTRODUCED IN THE STANDING COMMITTEE] **ANNEX. A**

A

Bill

further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898

WHEREAS, it is expedient further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act may be called the Criminal Laws (Amendment) Act, 2019.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of new sections 377C, Act XLV of 1860.**- In the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), after section 377B, the following new sections shall be inserted, namely:-

"377C.- Unnatural offence with child where age of victim is less than seven years.- Whoever has carnal intercourse against the order of nature with a child having the age of seven years and below shall be punished with death or imprisonment for life which shall not be less than twenty five years and shall also be liable to a minimum fine of two million rupees.

Provided that, if the age of offender is above twenty one years, the sentence of death shall be carried in public place or gathering of not less than hundred people.

377D.- Unnatural offence with child where age of victim is less than ten years.- Whoever with consent or without consent has carnal intercourse against the order of nature with a child having the age of ten years but not below than seven years shall be punished with imprisonment for life or imprisonment of either description which shall not be less than ten years and a minimum fine of five hundred thousand rupees.

377E.- Unnatural offence with child where age of victim is less than fourteen years.- Whoever with consent or without consent has carnal intercourse against the order of nature with a child having the age of fourteen years but not below than ten years shall be punished with imprisonment for life or imprisonment of either description which shall not be less than seven years and a minimum fine of two hundred thousand rupees.

377F.- Unnatural offence where age of victim is less than eighteen years.-Whoever with consent or without consent has carnal intercourse against the order of nature with a child having the age of eighteen years but not below than fourteen years shall be punished with imprisonment for life or imprisonment of either description which shall not be less than five years and a minimum fine of fifty thousand rupees.

377G.- Unnatural offence where victim is mentally or physically disable.-Whoever has carnal intercourse against the order of nature where victim is mentally or physically disable shall be punished with imprisonment for fourteen years which shall not be less than seven years and a minimum fine of two hundred thousand rupees.".

3. **Amendment of Schedule II, Act V of 1898.-** In the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), in Schedule II, after section 377B and the corresponding entries relating thereto in columns 1 to 8, the following new sections and entries relating thereto shall be inserted, namely:-

1	2	3	4	5	6	7	8
377C	Unnatural offence with child where age of victim is less than seven years	May arrest without warrant	Warrant	Not bailable	Not compoundable	Death or imprisonment for life which shall not be less than twenty five years and a minimum fine two million rupees	Court of Session
377D	Unnatural offence with child where	May arrest without warrant	Warrant	Not bailable	Not compoundable	Imprisonment for life or imprisonment of either description which shall	Court of Session

	age of victim is less than ten years					not be less ten seven years and a minimum fine five hundred thousand rupees	
377 E	Unnatural offence with child where age of victim is less than fourteen years	May arrest without warrant	Warrant	Not bailable	Not compoundable	Imprisonment for life or imprisonment of either description which shall not be less than seven years and a minimum fine two hundred thousand rupees	Court of Session
377 F	Unnatural offence	May arrest without	Warrant	Not bailable	Not compoundable	Imprisonment for life or imprisonme	Court of Sessio

	where age of victim is less than eighteen years	t warrant				nt of either description which shall not be less than five years and a minimum fine fifty thousand rupees	n
377 G	Unnatural offence where victim is mentally or physically disable	May arrest without warrant	Warrant	Not bailable	Not compoundable	Imprisonment for fourteen years which shall not be less than seven years and a minimum fine two hundred thousand rupees	Court of Session

STATEMENTS OF OBJECTIONS AND REASONS

Children are abused in Pakistan every day. Child abuse has become a prevalent offence which exhibit Pakistan as an unsafe country for children. There is nothing worse than the death of a child and there is nothing worse for parents than burying a child. After raping and killing the child, the body is thrown on a heap of garbage. Killing a child is neither an act of power nor a submission to a maniacal homicidal tendency. In other words, it is not easy to control the sexual abuse of children though efforts must be made to curtail these incidents with exemplary punishment.

Sd/-
MR. JAMES IQBAL,
Member, National Assembly

Annex. B

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

Bill

further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898

WHEREAS, it is expedient further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act may be called the Criminal Laws (Amendment) Act, 2020.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of new sections 377C, Act XLV of 1860.-** In the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), after section 377B, the following new section shall be inserted, namely:-

"377C.- Unnatural offence with minor or with mental or physical disability.- Whoever voluntarily has carnal intercourse against the order of nature with any minor either male or female or a person with mental disability shall be punished with death or imprisonment of either description for a term which shall not be less than ten years or more than twenty-five years and shall also be liable to fine of five hundred thousand rupees.".

3. **Amendment of Schedule-II, Act V of 1898.-** In the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), in Schedule II, in the table, after

section 377B and the corresponding entries relating thereto in columns 1 to 8, the following new section and entries relating thereto shall be inserted, namely:-

1	2	3	4	5	6	7	8
"377C	Unnatural offence with minor either male or female or with mental or physical disability	May arrest without warrant	Warrant	Not bailable	Not compound able	Death or imprisonment of either description for a term which shall not be less than ten years or more than twenty five years and shall also be liable to fine of five hundred thousand rupees.	Court of Session.".

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Children are abused in Pakistan every day. Child abuse has become a prevalent offence which exhibit Pakistan as an unsafe country for children. There is nothing worse than the death of a child and there is nothing worse for parents than burying a child. After raping and killing the child, the body is thrown on a heap of garbage. Killing a child is neither an act of power nor a submission to a maniacal homicidal tendency. In other words, it is not easy to control the sexual abuse of children though efforts must be made to curtail these incidents with exemplary punishment.

Sd/-
MR. JAMES IQBAL,
Member, National Assembly

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ ۱۰ر دسمبر، ۲۰۱۹ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۱۹ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	راجہ خرم شہزاد نواز	چیئرمین
۲۔	جناب شیر اکبر خان	رکن
۳۔	مہر غلام محمد لالی	رکن
۴۔	جناب رضا نصر اللہ	رکن
۵۔	خواجہ شیراز محمود	رکن
۶۔	جناب راحت امان اللہ بھٹی	رکن
۷۔	ملک کرامت علی کھوکھر	رکن
۸۔	سردار طالب حسن نکئی	رکن
۹۔	محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک	رکن
۱۰۔	جناب محمد اختر مینگل	رکن
۱۱۔	نوابزادہ شازین بگٹی	رکن
۱۲۔	ملک سہیل خان	رکن
۱۳۔	رانا شمیم احمد خان	رکن
۱۴۔	جناب محمد پرویز ملک	رکن
۱۵۔	جناب ندیم عباس	رکن
۱۶۔	محترمہ مریم اورنگزیب	رکن
۱۷۔	سید آغا رفیع اللہ	رکن
۱۸۔	نواب محمد یوسف تالپور	رکن
۱۹۔	جناب عبدالقادر پٹیل	رکن
۲۰۔	جناب عصمت اللہ	رکن
۲۱۔	جناب اعجاز احمد شاہ وزیر برائے داخلہ	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۲۴ر دسمبر، ۲۰۱۹ء، ۲۷ر جنوری، ۲۰۲۰ء، ۳ر فروری، ۲۰۲۰ء، ۱۴ر فروری، ۲۰۲۰ء، ۱۷ر فروری، ۲۰۲۰ء، ۴ر مارچ، ۲۰۲۰ء اور ۲۴ر جولائی، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے اس میں درج ذیل ترامیم کیں:۔

(۱) **شق ۲**

شق ۲ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۔ ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء، نئی دفعہ ۳۷۷ج کی شمولیت۔ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں، دفعہ ۳۷۷ب کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۳۷۷ج۔ کم سن یا ذہنی یا جسمانی معذوری کے حامل فرد کے ساتھ غیر فطری جرم۔ جو کوئی بھی رضاکارانہ طور پر کسی کم سن مرد یا عورت یا ذہنی معذوری کے حامل کسی فرد کے ساتھ فطرت کی ترکیب کے خلاف نفسانی جماع کرے گا تو اسے سزائے موت یا کسی ایک نوعیت کی اتنی مدت کے لئے سزائے قید دی جائے گی جو دس سال سے کم یا پچیس سال سے زائد نہ ہو گی اور پانچ لاکھ روپے جرمانہ کا بھی مستوجب ہو گا۔"

(۲) **شق ۳**

شق ۳ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۳۔ ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء، جدول دوم کی ترمیم۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں، جدول دوم میں، دفعہ ۳۷۷ب اور کالم ۱ تا ۸ میں اس سے متعلق متطابق اندراجات کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ اور اس سے متعلق اندراجات شامل کر دیئے جائیں گے، یعنی:۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
"۳۷۷ج	کم سن مرد یا عورت کے ساتھ یا ذہنی یا جسمانی معذوری کے حامل فرد کے ساتھ غیر فطری جرم	بغیر وارنٹ گرفتار کر سکتی ہے	وارنٹ	ناقابل ضمانت	ناقابل مصالحت	سزائے موت یا کسی ایک نوعیت کی اتنی مدت کی سزائے قید جو دس سال سے کم یا پچیس سال سے زائد نہ ہو گی اور پانچ لاکھ روپے جرمانہ کا بھی مستوجب ہو گا۔	سیشن عدالت۔

۴۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ منسلکہ ب کے طور پر قائمہ کمیٹی کے رپورٹ کردہ بل کی اسمبلی منظوری دے۔

دستخط/۔
(راجہ خرم شہزاد نواز)
چیئرمین
قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، ۳ نومبر، ۲۰۲۰ء

منسلکہ-الف

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا فوجداری قوانین (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء، دفعہ ۳۷۷ ب کے بعد نئی دفعات کی شمولیت۔۔** مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء)، میں، دفعہ ۳۷۷ ب کے بعد، حسب ذیل نئی دفعات شامل کر دی جائیں گی، یعنی:۔

"۳۷۷ ج۔ **سات سال سے کم عمر بچے کے ساتھ غیر فطری جرم:۔** جو کوئی سات سال اور اس سے کم عمر بچے کے ساتھ غیر فطری جنسی بدفعلی کرے گا اسے سزائے موت یا عمر قید کی سزا دی جائے گی جو پچیس سال سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم ۲۰ لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا بھی مستوجب ہوگا۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر مجرم کی عمر ۱۲ سال سے زائد ہو، تو اس کو عوامی جگہ یا لوگوں کے مجمع جو سو افراد سے کم نہ ہو، کے سامنے سزائے موت دی جائے گی۔

"۳۷۷ د۔ **دس سال سے کم عمر بچے کے ساتھ غیر فطری جرم:۔** جو کوئی رضامندی سے یا رضامندی کے بغیر دس سال لیکن کم از کم سات سال کی عمر کے بچے کے ساتھ غیر فطری جنسی بدفعلی کرے گا وہ عمر قید کی سزا یا کسی بھی ایک نوعیت کی سزائے قید جو دس سال سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم پانچ لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا مستوجب ہوگا۔

"۳۷۷ ہ۔ **چودہ سال سے کم عمر بچے کے ساتھ غیر فطری جرم:۔** جو کوئی رضامندی یا رضامندی کے بغیر چودہ سال لیکن کم از کم دس سال کی عمر کے بچے کے ساتھ غیر فطری جنسی بدفعلی کرے گا وہ عمر قید کی سزا یا کسی بھی ایک نوعیت کی سزائے قید جو سات سال سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا مستوجب ہوگا۔

"۳۷۷ و۔ **غیر فطری جرم جہاں متاثرہ فرد کی عمر ۱۸ سال سے کم ہو:۔** جو کوئی رضامندی یا رضامندی کے بغیر ۱۸ سال لیکن کم از کم چودہ سال کی عمر کے بچہ کے ساتھ غیر فطری جنسی بدفعلی کرے گا وہ عمر قید کی سزا یا کسی بھی ایک نوعیت کی سزائے قید جو پانچ سال سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم پچاس ہزار جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہوگا۔

"۳۷۷ ز۔ **غیر فطری جرم جہاں متاثرہ فرد ذہنی مریض یا جسمانی طور پر معذور ہو:۔** جو کوئی کسی ذہنی یا جسمانی طور پر معذور فرد کے ساتھ غیر فطری جنسی بدفعلی کا مرتکب ہوگا وہ چودہ سال قید جو سات سال سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم دو لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہوگا۔"۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء، جدول دوم کی ترمیم۔۔** مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں، جدول دوم میں، دفعہ ۳۷۷ ب اور کالم ۱ تا ۸ میں اس سے متعلقہ متماثل اندراجات کے بعد، درج ذیل نئی دفعات اور اس سے متعلقہ اندراجات کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۳۷۷ج	سات سال سے کم عمر بچے کے ساتھ غیر فطری جرم	وارنٹ کے بغیر گرفتار کیا جا سکتا ہے	وارنٹ	ناقابل ضمانت	ناقابل مصالحت	سزائے موت یا عمر قید جو پچیس سال سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم بیس لاکھ روپے جرمانہ۔	سیشن کورٹ
۳۷۷د	دس سال سے کم عمر بچے کے ساتھ غیر فطری جرم	وارنٹ کے بغیر گرفتار کیا جا سکتا ہے	وارنٹ	ناقابل ضمانت	ناقابل مصالحت	عمر قید یا کسی بھی ایک نوعیت کی سزائے قید جو دس سال سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم پانچ لاکھ روپے جرمانہ۔	سیشن کورٹ
۳۷۷ہ	چودہ سال سے کم عمر بچے کے ساتھ غیر فطری جرم	وارنٹ کے بغیر گرفتار کیا جا سکتا ہے	وارنٹ	ناقابل ضمانت	ناقابل مصالحت	عمر قید یا کسی بھی ایک نوعیت کی سزائے قید جو سات سال سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم دو لاکھ روپے جرمانہ۔	سیشن کورٹ
۳۷۷و	اٹھارہ سال سے کم عمر بچے کے ساتھ غیر فطری جرم	وارنٹ کے بغیر گرفتار کیا جا سکتا ہے	وارنٹ	ناقابل ضمانت	ناقابل مصالحت	عمر قید یا کسی بھی ایک نوعیت کی سزائے قید جو پانچ سال سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم پچاس ہزار روپے جرمانہ۔	سیشن کورٹ
۳۷۷ز	غیر فطری جرم جہاں متاثرہ فرد ذہنی یا جسمانی طور پر معذور ہو	وارنٹ کے بغیر گرفتار کیا جا سکتا ہے	وارنٹ	ناقابل ضمانت	ناقابل مصالحت	چودہ سال کی سزائے قید جو سات سے کم نہیں ہوگی اور کم از کم دو لاکھ روپے جرمانہ۔	سیشن کورٹ

بیان اغراض ووجوہ

پاکستان میں بچے، ہر روز زیادتی کا شکار ہوتے ہیں۔ بچوں سے زیادتی ایک عام جرم بن چکا ہے جو بچوں کے حوالے سے پاکستان کی عکاسی ایک غیر محفوظ ملک کے طور پر کرتا ہے۔ بچے کی موت سے بدتر کوئی چیز نہیں اور والدین کے لئے اپنے بچے کی تدفین سے بڑھ کر کوئی غم نہیں ہو سکتا۔ بچے سے زیادتی کرنے کے بعد اسے قتل کر کے لاش کوڑے کے ڈھیر پر پھینک دی جاتی ہے۔ بچے پر جنسی طور پر حملہ آور ہونا نہ تو بے قابو ہوس کا شکار ہونا ہے نہ ہی ایسا بے پناہ جنسی خواہش کی تسکین کے لئے کیا جاتا ہے۔ بچے کو قتل کرنا نہ تو طاقت کا مظاہرہ ہے اور نہ ہی دیوانہ وار قتل کے رجحان کی طرف مائل ہونا ہے۔ دوسرے الفاظ میں، بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی پر قابو پانا آسان نہیں ہے تاہم مثالی سزائیں دے کر ایسے واقعات میں کمی لانے کے لئے کوششیں ضرور کی جانی چاہئیں۔

دستخط/۔
جناب جیمز اقبال
رکن، قومی اسمبلی

منسلکہ-ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا فوجداری قوانین (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء، نئی دفعہ ۳۷۷/ج کی شمولیت۔۔** مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء)، میں، دفعہ ۳۷۷/ب کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۳۷۷/ج۔ **کم سن یا ذہنی یا جسمانی معذوری کے حامل فرد کے ساتھ غیر فطری جرم۔** جو کوئی بھی رضا کارانہ طور پر کسی کم سن مرد یا عورت یا ذہنی معذوری کے حامل کسی فرد کے ساتھ فطرت کی ترکیب کے خلاف نفسانی جماع کرے گا تو اسے سزائے موت یا کسی ایک نوعیت کی اتنی مدت کے لئے سزائے قید دی جائے گی جو دس سال سے کم یا پچیس سال سے زائد نہ ہوگی اور پانچ لاکھ روپے جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔"۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء، جدول دوم کی ترمیم۔۔** مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں، جدول دوم میں، دفعہ ۳۷۷/ب اور کالم ۱ تا ۸ میں اس سے متعلق متطابق اندراجات کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ اور اس سے متعلق اندراجات شامل کر دیئے جائیں گے، یعنی:۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
"۳۷۷/ج	کم سن مرد یا عورت کے ساتھ یا ذہنی یا جسمانی معذوری کے حامل فرد کے ساتھ غیر فطری جرم	بغیر وارنٹ گرفتار کر سکتی ہے	وارنٹ	ناقابل ضمانت	ناقابل مصالحت	سزائے موت یا کسی ایک نوعیت کی اتنی مدت کی سزائے قید جو دس سال سے کم یا پچیس سال سے زائد نہ ہو گی اور پانچ لاکھ روپے جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔	سیشن عدالت۔"۔

بیان اغراض ووجوہ

پاکستان میں بچے ہر روز زیادتی کا شکار ہوتے ہیں۔ بچوں سے زیادتی ایک عام جرم بن چکا ہے جو بچوں کے حوالے سے پاکستان کی عکاسی ایک غیر محفوظ ملک کے طور پر کرتا ہے۔ بچے کی موت سے بدتر کوئی چیز نہیں اور والدین کے لئے اپنے بچے کی تدفین سے بڑھ کر کوئی غم نہیں ہو سکتا۔ بچے سے زیادتی کرنے کے بعد اسے قتل کرکے لاش کوڑے کے ڈھیر پر پھینک دی جاتی ہے۔ بچے پر جنسی طور پر حملہ آور ہونا نہ تو بے قابو ہوس کا شکار ہونا ہے نہ ہی ایسا بے پناہ جنسی خواہش کی تسکین کے لئے کیا جاتا ہے۔ بچے کو قتل کرنا نہ تو طاقت کا مظاہرہ ہے اور نہ ہی دیوانہ وار قتل کے رجحان کی طرف مائل ہونا ہے۔ دوسرے الفاظ میں، بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی پر قابو پانا آسان نہیں ہے تاہم مثالی سزائیں دے کر ایسے واقعات میں کمی لانے کے لئے کوششیں ضرور کی جانی چاہئیں۔

دستخط/۔
جناب جیمز اقبال
رکن، قومی اسمبلی